Daily Nai Baat

نئی بات

انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن اور آئی ٹی سی این نمائش میں شراکتی معاہدہ

کراچی (کامرس رپورٹر) انسٹیٹیوٹ آف بزنس ایڈمنسٹریشن نے انفارمیشن ٹیکنالوجی کی اٹھارویں بین الاقوامی آئی ٹی سی این نمائش میں معلومات کے تبادلے کا شراکتی معاہدہ کرلیا۔ سینٹر فار انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی، آئی بی اے کے ڈائریکٹر عمران بٹاڈا نے کہا ہے کہ ای کامرس گیٹ وے کے ساتھ اشتراک سے آئی بی اے مسلسل تین سال سے آئی ٹی سی این نمائش معلومات کے تبادلے پر تعاون کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں بین الاقوامی نمائش میں اس سال مزید جدت آئے گی۔ عمران بٹاڈا نے کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر آئی ٹی شعبے کی انقلابی تبدیلیوں کے موضوعات پر آئی ٹی سی این نمائش میں دو اہم کانفرنسز منعقد کی جارہی ہیں جن میں ملک بھر کے ماہرین اپنے تجربات بیان کریں گے۔ ای کامرس گیٹ وے کے نائب صدر عمیر نظام نے آئی بی اے کے تعاون اور شراکتی معاہدے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ ستمبر میں منعقد ہونے والی سہ روزہ اٹھارویں بین الاقوامی نمائش آئی ٹی سی این میں گزشتہ سال کے مقابلے میں اس سال غیر ملکی سرمایہ کاروں اور وفود کی تعداد میں اضافہ ہوگا۔ عمیر نظام نے کہا ہے کہ 25 ستمبر سے شروع ہونے والی 18 ویں تین روزہ بین الاقوامی نمائش آئی ٹی سی این میں اس سال 25 ممالک کے 150 سے زائد وفود شرکت کررہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ رواں سال مقامی اور بیرون ممالک کے چھ سو سے زائد آئی ٹی برانڈز انفارمیشن ٹیکنالوجی میں دلچسپی رکھنے والے کی توجہ کا مرکز بنیں گے رواں سال ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد افراد کی شرکت متوقع ہے۔

Follow @daily_naibaat 2,518 followers

Like 160K Share

Be the first of your friends to like this